ایک مستند آل راؤنڈر بننے کا خواہشمند ہوں، حسن علی

برج ٹاؤن،26 جولائی 2021ء:

فاسٹ باؤلنگ اور حال ہی میں بیٹنگ کے دوران اپنی پاور ہٹنگ صلاحیتوں سے شائقین کرکٹ کی توجہ کا مرکز بننے والے 27 سالہ قومی کرکٹر حسن علی کا کہنا ہے کہ وہ تینوں طرز کی کرکٹ میں ایک مستند آل راؤنڈر بننا چاہتے ہیں۔ وہ ویسٹ انڈیز کے خلاف 4 ٹی ٹونٹی انٹرنیشنلز اور 2 ٹیسٹ میچز کے لیے اعلان کردہ قومی اسکواڈ کے اہم رکن ہیں۔

مجموعی طور پر 107 بین الاقوامی میچز میں 195 وکٹیں حاصل کرنے والے حسن علی اس دوران 691 انٹرنیشنل رنز بھی بنا چکے ہیں تاہم انجری کے بعد رواں سال کم بیک کرنے والے حسن علی کی باؤلنگ کے ساتھ ساتھ بیٹنگ میں نمایاں بہتری دیکھی جاسکتی ہے۔

انگلینڈ کے خلاف آخری ون ڈے انٹرنیشنل میچ میں لیگ اسپنر میٹ پارکنسن کو 3 گیندوں پر مسلسل 3 چھکے جڑنے اور پھر آخری ٹی ٹونٹی میچ میں ایک چھکا اور ایک چوکا لگا کر ناٹ آؤٹ 15 رنز کی اننگز کھیلنے والے حسن علی کا کہنا ہے کہ وہ صرف ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل ہی نہیں بلکہ ون ڈے اور ٹیسٹ کرکٹ میں بھی خود کو ایک مستند آل راؤنڈر کہلوانا چاہتے ہیں اور اس ضمن میں وہ نیٹ پریکٹس کے دوران اپنی باؤلنگ کے ساتھ ساتھ بیٹنگ پر خصوصی توجہ دے رہے ہیں۔

حسن علی کا کہنا ہے کہ وہ وسیم اکرم، عبدالرزاق اور اظہر محمود جیسا آل راؤنڈ کرکٹر بننے کے خواہشمند ہیں۔ بیٹنگ آرڈر کی وجہ سے انہیں ٹی ٹونٹی کرکٹ میں عموماً ڈیتھ اوورز میں بیٹنگ کا موقع ملتا ہے، لہٰذا وہ نیٹ سیشنز میں ان ڈیتھ اوورز میں پاور ہٹنگ کی

خصوصی مشق کر رہے ہیں۔ کوشش کرتے ہیں کہ یارکرز، سلو رونز اور باؤنسرز کو باؤنڈری لائن کے باہر بھجوانے کی اچھی پریکٹس ملے۔

انگلینڈ کے خلاف آخری ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل میں فاسٹ باؤلنگ کے لیے مشکل کنڈیشنز کے باوجود عمدہ باؤلنگ کرنے والے حسن علی کا کہنا ہے کہ محدود طرز کی کرکٹ میں باؤلنگ کے دوران ویری ایشنز کا بہتر استعمال بہت اہمیت اختیار کر چکا ہے۔

انگلینڈ کے خلاف ون ڈے انٹرنیشنل سیریز میں بین اسٹوکس کی وکٹ حاصل کرنے پر خوشی کا اظہار کرنے والے حسن علی نے کہا کہ لارڈز میں باؤلنگ کے دوران پانچ وکٹیں حاصل کرنا اور پھر بین اسٹوکس کو پویلین کی راہ دکھانے پر وہ بہت خوش تھے۔ انہوں نے کہا کہ بین اسٹوکس ان کے پہلے دورہ انگلینڈ کی بھی پہلی وکٹ تھے، لہذا اس مرتبہ بھی ان کی وکٹ ایک اسپیشل مومنٹ تھا۔

حسن علی کا کہنا ہے کہ وہ ویسٹ انڈیز کے خلاف سیریز میں بہتر کارکردگی کے لیے پرامید ہیں۔ اگر ان کی ایک اچھی گیند یا ایک اچھی شاٹ سے ٹیم کو فائدہ ہوسکتا ہے تو ان کے لیے یہی بڑی کامیابی ہے، لہذا وہ کیریبئن ٹور کے دوران بہترین باؤلنگ اور پاور ہٹنگ کرنے کی کوشش کریں گے۔

اسکواڈز:

ٹی ٹونٹی: بابر اعظم (کپتان) (سینٹرل پنجاب)، شاداب خان (نائب کپتان) (ناردرن)، ارشد اقبال (خیبر پختونخوا)، اعظم خان (سندھ)، فہیم اشرف (سینٹرل پنجاب)، فخر زمان (خیبر پختونخوا)، صہیب مقصود (سدرن پنجاب)، حارث رؤف (ناردرن)، حسن علی (سینٹرل پنجاب)، عماد وسیم (ناردرن)، محمد حفیظ (خیبر پختونخوا)، محمد حسنین (سندھ)، محمد نواز (ناردرن)، محمد رضوان (وکٹ کیپر) (خیبر پختونخوا)، محمد وسیم جونیئر (خیبر پختونخوا)، سرفراز احمد (وکٹ کیپر) (سندھ)، شاہین شاہ آفریدی (خیبر پختونخوا)، شرجیل خان (سندھ) اور عثمان قادر (سینٹرل پنجاب)۔

شیڈول:

28جولائی:پہلاٹی ٹونٹی انٹرنیشنل میچ،کینزنگٹن اوول، بارباڈوس

31جولائی:دوسراٹی ٹونٹی انٹرنیشنل میچ،پروویڈینس اسٹیڈیم،گیانا

یکم اگست:تیسراٹی ٹونٹی انٹرنیشنل میچ،پروویڈینس اسٹیڈیم،گیانا

3اگست:چوتھاٹی ٹونٹی انٹرنیشنل میچ،پروویڈینس اسٹیڈیم،گیانا

-ENDS-

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Team Media and Digital content manager for Pakistan’s tour to England and West Indies
E: Ibrahim.badees@pcb.com.pk
W: +92 (0) 345 4743 486